F. 6-4 (Edit) /2019 NCPUL Press release

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated:13/03/2019

یوگا ہماری روایت اور تہذیب کا ایک اہم حصہ ہے: ڈاکٹر عقیل احمد

عالمی یوم یوگا کے تناظر میں دوڑ کا انعقاد

نئی دہلی۔ یوگا سے ہم اپنے جسم کو چست درست رکھ سکتے ہیں اور اپنے سارے کام بہتر ڈھنگ سے انجام دے سکتے ہیں۔ یوگا ہماری روایت اور تہذیب کا ایک اہم حصہ ہے۔ہمیں یوگا کو اپنے روزمرہ کی زندگی کا جزو بنالینا چاہئے۔ یہ باتیں قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر ڈاکٹر عقیل احمد نے 21 جون کو منائے جانے والے عالمی یوم یوگا کے تناظر میں قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کے صدر دفتر کے باہر منعقدہ ایک دوڑ سے قبل کہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ اس طرح کی دوڑ سے ہمیں ایک نئی توانائی حاصل ہوتی ہے۔ ہم سب لوگ اپنی اپنی سطح پر یوگا کو فروغ دیں اور اس طرح کی دوڑ اور یوگا کے تئیں بیداری سے متعلق پروگراموں کا انعقاد کرتے رہیں۔اس دوڑ میں قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر ڈاکٹر شیخ عقیل احمد کے ساتھ ساتھ اسسٹنٹ ڈائرکٹر، ریسرچ آفیسرز، ریسرچ اسسٹنٹ اور کونسل کے دیگر اسٹاف نے بھی شرکت کی۔

(رابطہ عامہ سیل)